مراسلات

آج شاہ ولی اللہ اکیڈمی کے مجلّہ "الولی" کا اولین شمارہ موصول ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس نے علم و عرفان کی روشنی کو اس سرزمین میں دوبارہ جاری کیا ہے
مکرر آنکہ حضرت شاہ ولی اللہؒ کے نظام فکر کو پوری طرح سمجھنے کے لئے حضرت شاہ اسمٰعیل شہیدؒ کی تصنیف "عبقات" کا مطالعہ بے حد ضروری ہے مولانا مناظر احسن گیلانی مرحوم نے اس کتاب کا اردو ترجمہ ہندوستان میں چھپوایا تھا۔ یہ کتاب پاکستان میں نایاب ہیں۔ اگر ممکن ہوسکے تو یہ کتاب بمعہ عربی متن منظر عام پر لانے کی کوشش کریں۔ یہ بڑی علمی خدمت ہوگی۔

عباد اللہ فاروقی ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی ایڈوکیٹ

محترم مولانا صاحب!
السلام علیکم۔ ماہنامہ "الولی" کا شمارہ اول ادارہ تحقیقات اسلامی اسلام آباد کے کتب خانے میں نظر نواز ہوا۔ راقم الحروف "الرحیم" کا قلمی معاون رہا ہے۔ الرحیم لاہور کی خاطر مرسلہ میرا ایک مقالہ البتہ گم کر دیا گیا۔ اب اس خبر سے خوشی ہوئی کہ الرحیم، الولی کے نام سے چھپ رہا ہے مبارک باد۔ میں انشاءاللہ عنقریب قلمی معاونت شروع کر دوں گا۔ والسلام!

محمد میاں

حضرت مخدومی!
الولی مل گیا۔ دیکھ کر خوشی ہوئی۔ انجمن ترقی اردو میں بھی پرچہ پہنچ گیا۔ تبصرہ لکھدیا ہے جون کے پرچے میں شائع ہوگا۔ مئی کا پرچہ مرتب ہوکر پریس جا چکا ہے اس لئے مئی میں